# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 02 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲ مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ نائب صدر جمہوریہ نے قدیم بھارت میں علم کی مرکز رہیں یونیورسٹیوں کو دوبارہ فعال کرنے کی ضرورت کا کیا اظہار۔

☆ منشیات کے معاملے میں قصوروار پولس افسران وملازمین کو برطرف کرنے کا وزیراعلیٰ کا انتباہ۔

☆ نیشنل چائلڈ ہیلتھ پروگرام کا ہوا آغاز۔20 لاکھ لڑکے لڑکیوں کی کی جائے گی طبی جانچ۔

☆ بیڑ ضلع کے دھارور میں انگریزی مضمون کا پرچہ لے کر فرار ہونے کے الزام میں دو لڑکے گرفتار

☆ICC چمپئنز ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے۔

اور۔۔۔☆ کل چاند نظر آنے کے بعد آج سے رمضان کے روزوں کا آغاز۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے نالندہ اور تکشیلا جیسی اہم یونیورسٹیز کو دوبارہ فعال کرنے کی پرزوروکالت کی ہے۔جو کبھی قدیم بھارت میں علم کی مراکز تھیں۔نائب صدر جمہوریہ گذشتہ روز ممبئی میں KPB Hinduja College of Commerce کی صدسالہ تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تعلیم اور ٹیکنالوجی سماجی تبدیلی کے اہم عوامل ہیں۔انہوں نے ٹیکنالوجی کی مدد سے دیہی زندگی کو تبدیل کرنے پرزور دیا۔اس پروگرام میں گورنر سی پی رادھا کرشنن، ہندوجہ گروپ اور کالج کے افسران سمیت تعلیمی عملہ موجود تھا۔

مختلف شعبہ جات میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء کو اس تقریب میں نائب صدر جمہوریہ اور گورنر نے اعزاز سے نوازا۔اس موقع پر دھنکڑ نے 'ایک پیڑ ماں کے نام' کے تحت پودا بھی لگایا۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ منشیات کے معاملے میں ملوث پائے گئے پولس افسران وملازمین کو نہ صرف معطل کیا جائے گا بلکہ انہیں خدمات سے سیدھے برطرف کردیا جائے گا۔وزیراعلیٰ کل ممبئی میں منعقدہ پولس کانفرنس کے بعد میڈیا سے بات کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ منشیات کے معاملے میں حکومت نے زیرو ٹیلرونس پالیسی اپنانے کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے خواتین کے خلاف ہونے والے جرائم پر جلد سے جلد چارج شیٹ داخل کرنے کے عمل کو ٹریک کرنے کی بھی بات کہی۔

اسی بیچ ریاستی پولس محکمے کے 35/ویں کھیل مقابلوں کا کل تھانے میں اختتام عمل میں آیا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ فڑنویس نے مختلف کھیلوں میں شرکت کرنے والے کھلاڑیوں کو مبارکباد دی۔

***** **** *****

جن اوشدھی عوامی بیداری ہفتے کا کل ملک بھر میں آغاز کیا گیا۔مرکزی وزیر صحت اور خاندانی بہبود جے پی نڈا نے کل نئی دہلی میں وزیراعظم جن اوشدھی اسکیم کے رتھ اور دیگر گاڑیوں کو ہری جھنڈی دکھائی۔آئندہ 7/مارچ کو جن اوشدھی دن منایا جائے گا۔اس مناسبت سے اس ہفتے مختلف پروگرامس کا انعقاد کیا گیا ہے۔

***** **** *****

نیشنل چائلڈ ہیلتھ پروگرام کا کل سے آغاز ہوگیا۔نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار اور وزیر صحت پرکاش آبٹکر کی موجودگی میں اس پروگرام کی مرکزی تقریب پونے میں منعقد کی گئی۔اس موقع پر انیمیا یعنی خون کی کمی سے پاک بھارت مہم کے تحت تصویروں پر مبنی کتابوں کا اجراء معززین کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس پروگرام کے میسکٹ کی نقاب کشائی بھی کی گئی۔

ریاست بھر کے ضلع سطح کے 35 اور تعلقہ سطح کے 355 اسکولوں میں یہ پروگرام چلایا جارہا ہے۔اس میں صفر سے 18 برس عمر زمرے کے 20/لاکھ طلباء کی جسمانی صحت کی جانچ اور بغیر معاوضے کے آپریشن کئے جائیں گے۔پیدائشی اور دیگر بیماریوں کا مفت علاج بھی اس پروگرام کے تحت کیا جائے گا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے کہا کہ وہ ریاست کی تمام عوام کو یہ یقین دلانا چاہتے ہیں کہ حکومت ریاست کے ہر بچے کی صحت اور تابناک مستقبل کی ذمہ داری مکمل سنجیدگی سے ادا کرے گی۔انہوں نے تمام حاضرین سے اس پروگرام کو کامیاب بنانے کی اپیل کی۔

اس موقع پر آبٹیکر نے سرپرستوں اور اسکول انتظامیہ سمیت تمام متعلقہ مشنریز کو آئندہ دو مہینوں میں اس مہم کو چلانے اور رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے بتایا کہ صحت کی تمام اسکیمات کا اچھے طریقے سے مستفدین کو فائدہ ہورہا ہے۔اور مستقبل میں بھی ان کی مجموعی صحت کے لیے ہم اچھی رہنمائی اور منصوبہ بندی کررہے ہیں۔

***** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

ریاست میں قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس کل پیر سے ممبئی میں شروع ہوگا۔اس پس منظر میں نائب وزیراعلیٰ اور وزیر خزانہ اجیت پوار نے کل پونے میں صحافتی کانفرنس سے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ جس طرح مرکزی بجٹ میں سب طبقات کے ساتھ انصاف کرنے کی کوشش کی گئی اسی طرز پر مہایوتی حکومت بھی کوشش کرے گی۔انہوں نے بتایا کہ کل اسمبلی میں اضافی مطالبات کو پہلے پیش کیا جائے گا۔نئے برس کا بجٹ ہم پیش کرنے جارہے ہیں ۔اسمبلی کی صلاح کار کمیٹی نے بجٹ پیش کرنے سے متعلق منظوری دی ہے۔

اس دوران بجٹ اجلاس کے پیش نظر کانگریس کی جانب سے اسمبلی کے عہدیداروں کی نامزدگی عمل میں آئی۔

***** **** *****

خواتین اور بچوں کی ترقی کی ریاستی وزیر ادیتی تٹکرے نے کہا ہے کہ خواتین کا معاشی تعلیم سے معاشی خود انحصاری کی جانب سفر جاری ہے اور اس میں جھیپ فاؤنڈیشن کا تعاون اہم ہے۔ وزیر موصوفہ کے ہاتھوں کل ممبئی میں جھیپ فاؤنڈیشن کی جانب سے منعقدہ ترقی یافتہ بھارت خواتین صنعت کار 2025 نامی کانفرنس میں میری لاڈلی بہن اسکیم کی استفادہ کنندگان اور بچت گٹ کے تحت صنعتیں قائم کرنے والی خواتین کی عزت افزائی کی گئی۔ اس موقع پر انہوں نے یہ بات کہی۔ انہوں نے بتایا کہ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت ملنے والے فنڈ سے کئی بہنوں نے صنعتیں قائم کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خاندان میں خواتین کا تعاون بڑھے اس کے لئے ضرورت مند خواتین کی حکومت ہر طرح سے مدد کے لیے تیار ہے۔

***** **** *****

سینئر مراٹھی مصنفہ ڈاکٹر مینا پربھو کا کل پونے میں انتقال ہوگیا۔ وہ 85 برس کی تھیں۔ گذشتہ کئی دنوں سے بیمار چل رہیں پربھو کو علاج کے لیے خانگی اسپتال میں داخل کیا گیا تھا۔ کل شام پونے میں ان کی آخری رسومات ادا کی جائے گی۔

***** **** *****

بیڑ ضلع کے کلے دھارور میں کل دسویں جماعت کے انگریزی مضمون کا سوالیہ پرچہ لیک کرنے کا واقعہ پیش آیا۔ امتحان ہال میں سوالیہ پرچہ تقسیم کرنے کے بعد صبح 11.30 بجے دولڑکے پرچہ لے کر کھڑکی سے فرار ہوگئے۔ خبر ملتے ہی پولس انسپکٹر دیوی داس واگھمو ڑے اور ان کی ٹیم نے صرف آدھے گھنٹے کے اندر انہیں حراست میں لے لیا اور سوالیہ پرچے جمع کر لئے۔ دھرور تعلقے کے گروپ ایجوکیشن افسر منوج کولہے نے کہا کہ دونوں ملزمین کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی۔

***** **** *****

آئی سی سی چمپئنز ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہو رہا ہے۔ میچ دوبئی میں بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ مقابلے کے گروپ اے کی یہ دونوں ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ دوسری جانب کل گروپ بی کے میچ میں جنوبی افریقہ نے انگلینڈ کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی۔ جنوبی افریقہ کی ٹیم 5 پوائنٹس کے ساتھ گروپ میں سرفہرست ہے جبکہ آسٹریلیا ء 4 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔

***** **** *****

حکومت کی مختلف اسکیمات اور پروگرامس عوام تک پہنچانے کی خاطر کل پربھنی ضلع کے 9 تعلقہ جات میں ایک دن گاؤں والوں کے ساتھ، نامی پروگرام کے تحت گرام دربار کا انعقاد کیا گیا۔ گنگا کھیڑ کے رکن اسمبلی ڈاکٹر رتنا کر گٹے نے کل گنگا کھیڑ تعلقے کے کودری میں گرام دربار کے دوران گاؤں والوں کی رہنمائی کی۔

***** **** *****

مسلمانوں کے مقدس مہینے رمضان کا آج سے آغاز ہوگیا ہے۔ کل چاند نظر آنے کے بعد ہر طرف مسجدوں میں تراویح کی نماز ادا کی گئی۔ پہلا روزہ آج صبح سحری کے بعد شروع ہوگیا۔

***** **** *****

سپریم کورٹ کی ہدایت کے مطابق ناندیڑ ضلع کے دھرم آباد تعلقے کے باھڑی آبی منصوبے سے TMC 0.6 پانی تلنگانہ کے لئے گوداوری میں چھوڑا گیا۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ یہ اخراج کمیٹی کے ارکان کی موجودگی میں کیا گیا۔

***** **** *****

جالنہ ضلع کے آشٹی پولس اسٹیشن کے اسسٹنٹ انسپکٹر سچن انگیواڈ سمیت پولس کانسٹیبل گوکل داس دیولے اور ایک دیگر شخص وشنو کدرنے کو ایک لاکھ 80 ہزار روپئے رشوت قبول کرتے ہوئے اینٹی کرپشن دستے نے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ اس سلسلے میں آشٹی پولس اسٹیشن میں کیس درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے وزیر زراعت مانک راؤ کوکاٹے کو ناسک کی ایک عدالت نے 2 برس قید کی سزا سنائی تھی۔ جس کے خلاف انہوں نے ناسک ضلع سیشن عدالت میں اپیل کی ہے۔ آئندہ 5 / مارچ کو عدالت میں اس اپیل پر سنوائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

جنوب وسطی ریلوے کی جانب سے ہولی کے تہوار کے پیش نظر جالنہ سے پٹنہ کے درمیان 6 / پھیریاں کی جائے گی۔ اس طرح اجمیر مدار نامی ریل گاڑی کی بھی 4 خصوصی پھیریاں کی جائے گی۔ ریلوے کی جانب سے مسافروں کی معلومات کے لئے یہ اطلاع جاری کی گئی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ نائب صدر جمہوریہ نے قدیم بھارت میں علم کی مرکز رہیں یونیورسٹیوں کو دوبارہ فعال کرنے کی ضرورت کا کیا اظہار۔

☆ منشیات کے معاملے میں قصوروار پولس افسران وملازمین کو برطرف کرنے کا وزیر اعلیٰ کا انتباہ۔

☆ نیشنل چائلڈ ہیلتھ پروگرام کا ہوا آغاز۔ 20 لاکھ لڑکے لڑکیوں کی کی جائے گی طبی جانچ۔

☆ بیڑ ضلع کے دھارور میں انگریزی مضمون کا پرچہ لے کر فرار ہونے کے الزام میں دولڑکے گرفتار

☆ ICC چمپئنز ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے۔

اور۔۔۔☆ کل چاند نظر آنے کے بعد آج سے رمضان کے روزوں کا آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****